گورنمنٹ آف پاکستان

وزارت دفاعی پیداوار

# ہیوی انڈسٹریز ٹیکسلا بورڈ۔ ٹیکسلا کینٹ

## آسامیاں خالی ہیں

الف: درج ذیل خالی آسامیوں کو مستقل بنیادوں پر بھرتی کرنے کیلئے پاکستانی شہریت کے حامل اہل امیدواروں سے مکمل کوائف کے ساتھ درخواستیں مطلوب ہیں نیز دو سے زائد آسامیوں کے لیے درخواست دینے والے کو نا اہل تصور کیا جائے گا۔

| نمبر شمار | آسامی کا نام، تنخواہ کا سکیل، ڈومیسائل، تعلیمی قابلیت، تجربہ اور عمر کی حد۔ |
|---|---|
| ا۔ | **ورکس مینجر (بی پی ایس۔۱۸)** آسامی: ۱: پنجاب<br>**مکینیکل** ٹیکنالوجی میں کسی انجینئرنگ یونیورسٹی سے ڈگری حاصل کی ہو اور پاکستان انجینئرنگ کونسل سے رجسٹرڈ ہو۔ ڈگری حاصل کرنے کے بعد کسی سرکاری ادارے یا مشہور فرم میں کام کرنے کا سات سالہ تجربہ ہو۔ مزید بہترین زبانی اور تحریری مواصلت، باہمی اور ٹیم ورکنگ کی مہارت، تخلیقی اور دباؤ میں کام کرنے کی صلاحیت ہونی چاہیے۔<br>**یا**<br>درج بالا کوائف کے حامل ای ایم ای کور سے ریٹائرڈ لیفٹیننٹ کرنل/میجر۔ (عمر سویلین: 30 تا 45 سال۔ آرمڈ فورسز: 50 سال)۔ |
| ۲۔ | **میڈیکل آفیسر (Medical Officer) (بی پی ایس۔ ۱۷)** آسامی: ۱: میرٹ<br>حکومت سے منظور شدہ میڈیکل کالج یا ادارہ سے ایم بی بی ایس پاس کرنے کے بعد پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل سے رجسٹرڈ میڈیکل پریکٹیشنر ہو اور کسی بھی معروف ہسپتال میں ہاؤس جاب کے بعد ایک سالہ تجربہ ہو۔ (عمر سویلین 24 تا 45 سال) |
| ۳۔ | **ٹیکنیکل آفیسر بوائلر (بی پی ایس:۱۶)** : آسامی :۱ : میرٹ<br>میٹرک سائنس بمعہ سیکنڈ کلاس بوائلر انجینئر کمپیٹنسی سرٹیفکیٹ مکینیکل/الیکٹریکل میں ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئر بمعہ سیکنڈ کلاس بوائلر انجینئر کمپیٹنسی سرٹیفکیٹ پاس کرنے کے بعد متعلقہ شعبہ میں ایک سال کام کرنے کا تجربہ ہو۔ (عمر سویلین: 25 تا 40 سال) |
| ۴۔ | **مینٹیننس انجینئر (بی پی ایس:۱۶)** : آسامی : ۱ : میرٹ<br>میٹرک سائنس بمعہ ٹیلی ویژن/الیکٹرانکس یا کمپیوٹر میں تین سالہ ڈپلومہ اور مینٹیننس، ایڈیٹنگ، ویڈیو اور مائیکروفش/مائیکروفلمنگ ایکوپمنٹ کی دیکھ بھال اور مرمت کا پانچ سالہ تجربہ ہو۔ (عمر سویلین: 28 تا 35 سال) |
| ۵۔ | **اسٹینو ٹائپسٹ (بی پی ایس:۱۴)** :آسامی: ۱ : میرٹ<br>انٹرمیڈیٹ بمعہ DIT یا اس کے مساوی کسی بھی تسلیم شدہ بورڈ سے حاصل کردہ کمپیوٹر کورس اور شارٹ ہینڈ/ ٹائپنگ اسپیڈ 40/80 الفاظ فی منٹ ہو۔ سرکاری ادارہ یا مشہور فرم میں دفتری کام کرنے کا دو سالہ تجربہ ہو۔ یا آرمڈ فورسز سے ریٹائرڈ NCO اسٹینو آف اے سی سی مطلوبہ تعلیمی قابلیت کا حامل ہو۔ (عمر سویلین: 18 تا 30 سال آرمڈ فورسز: 45 سال)۔ |
| ۶۔ | **چارج مین (بی پی ایس:۱۳)** : آسامیاں: ۱۱ (میرٹ:۲، پنجاب:۶، سندھ(دیہی):۱، خیبر پختونخواہ :۲)<br>مکینیکل، آٹو اینڈ ڈیزل، الیکٹریکل، میٹلرجی، لیبارٹری اور انسلری میں ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئر پاس کرنے کے بعد متعلقہ شعبہ میں دو سال کام کرنے کا تجربہ ہو یا صوبیدار/ نائب صوبیدار (ای ایم ای سے ریٹائرڈ) جنہوں نے درج بالا کسی بھی ٹیکنالوجی میں آرمامنٹ آرٹ کورس پاس کیا ہو۔<br>**میٹلرجی ٹیکنالوجی** کے لیے بی ایس سی فزکس/کیمسٹری/ڈی اے ای کیمیکل پاس کیا ہو۔ عمر سویلین: 20 تا 30 سال۔ آرمڈ فورسز: 50 سال۔ |

جاری ہے۔۔۔

۷۔ **اپر ڈویژن کلرک (بی پی ایس:۱۴)** :آسامیاں: ۱۹

**میرٹ:۲، پنجاب:۱۱،سندھ(دیہی):۱،سندھ(شہری):۱، خیبرپختونخواہ :۲، فاٹا:۱، گلگت بلتستان:۱**

انٹرمیڈیٹ بمعہ DIT یااس کے مساوی کسی بھی تسلیم شدہ بورڈ سے حاصل کردہ کمپیوٹر کورس، ٹائپنگ اسپیڈ 30 الفاظ فی منٹ اوردوسالہ کلریکل امور کا تجربہ ہو یا ریٹائرڈ آرمی NCO کلرک جو کمپیوٹر جانتا ہو۔ (دی گئی آسامیوں میں سے معذورافراد کیلئے ایک آسامی مخصوص ہے)

عمرسویلین: 18تا 26سال۔ آرمڈفورسز:45سال۔

۸۔ **سپروائزر ٹو (بی پی ایس:۱۲)** : آسامیاں:۱۲

**پنجاب:۶،سندھ(دیہی):۲،سندھ(شہری):۱،خیبرپختونخواہ :۱ بلوچستان: ۱، آزادکشمیر:۱**

مکینیکل، آٹو اینڈ ڈیزل، الیکٹریکل اور انسلری میں ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئر پاس کرنے کے بعد متعلقہ شعبہ میں ایک سال کام کرنے کا تجربہ ہو یا صوبیدار/ نائب صوبیدار (ای ایم ای سے ریٹائرڈ) جنہوں نے درج بالا کسی بھی ٹیکنالوجی میں آرمامنٹ آرٹ کورس پاس کیا ہو۔

عمرسویلین: 20 تا30 سال۔آرمڈفورسز:50سال۔

۹۔ **کیشیئر (بی پی ایس:۱۲)** : آسامی: ۱ میرٹ:۱)

کسی تسلیم شدہ یونیورسٹی سے بی کام یا بی بی اے فنانس پاس کرنے کے بعد کسی سرکاری محکمے، بنک، فرم یا مشہور ادارے میں کیش اکاؤنٹنگ کا پانچ سالہ تجربہ ہو۔ (عمر: 25 تا 40سال)۔

۱۰۔ **ڈاٹا انٹری آپریٹر (بی پی ایس :۱۲)**:آسامی: ۱ (پنجاب:۱)

فزکس، ریاضی، شماریات اور معاشیات میں ڈگری پاس کی ہو اور کم ازکم 10,000 الفاظ فی گھنٹہ ٹائپنگ اسپیڈ ہو اور کسی معروف فرم یا سرکاری ادارے میں ڈاٹا انٹری کا دوسالہ تجربہ ہو۔ (عمر:18 تا 25سال)

۱۱۔ **لوئر ڈویژن کلرک (بی پی ایس:۱۱)** :آسامیاں: ۸

**(پنجاب:۴،سندھ(دیہی) :۱، خیبرپختونخواہ :۱ ،بلوچستان:۱، فاٹا:۱**

انٹرمیڈیٹ بمعہ DIT یااس کے مساوی کسی بھی تسلیم شدہ بورڈ سے حاصل کردہ کمپیوٹر کورس، ٹائپنگ اسپیڈ 30 الفاظ فی منٹ اور ایک سالہ کلریکل امور کا تجربہ ہو یا ریٹائرڈ آرمی کلرک جو کمپیوٹر جانتا ہو۔ دی گئی آسامیوں میں سے معذورافراد کیلئے کے لیے ایک آسامی مخصوص ہے۔

(عمرسویلین: 18تا 25سال۔ آرمڈفورسز:45سال)۔

۱۲۔ **نرس (فیمیل) بی پی ایس :۱۰**: آسامیاں ۲(پنجاب:۱، خیبرپختونخواہ :۱ )

میٹرک پاس کرنے کے بعد تین سالہ جنرل نرسنگ اور ایک سالہ مڈوائفری ٹریننگ حاصل کی ہو اور سرکاری یا پرائیویٹ ہسپتال میں دوسالہ کام کرنے کا پریکٹیکل تجربہ ہو۔ بی ایس(این) کو ترجیح دی جائے گی۔ (عمر:19 تا 45سال)

۱۳۔ **ایکسرے کیمرہ آپریٹر (بی پی ایس:۱۱)** :آسامی:۱ (خیبرپختونخواہ :۱)

بی ایس سی (فزکس/ ریاضی) پاس کرنے کے بعد انڈسٹریل ریڈیوگرافک آلات کے آپریشن، ریڈیوگرافک کی ایکسپوزر اور نتائج ریکاڈنگ میں ایک سال کا تجربہ۔ **یا** ایف ایس سی (پری انجینئرنگ) پاس کرنے کے بعد انڈسٹریل ریڈیوگرافک آلات کے آپریشن، ریڈیوگرافک کی ایکسپوزر اور نتائج ریکاڈنگ میں چارسال کا تجربہ ہو۔ (عمرسویلین: 18 تا 25سال)

۱۴۔ **سپروائزر۔ ون (بی پی ایس:۹)** آسامیاں :۲۵

**(میرٹ:۳، پنجاب:۱۴، سندھ (دیہی) :۳، سندھ (شہری) :۲، خیبرپختونخواہ :۱، بلوچستان:۱ ، آزادکشمیر:۱)**

میٹرک سائنس پاس کرنے کے بعد مندرجہ ذیل ٹیکنالوجیز میں کسی تسلیم شدہ ٹریننگ انسٹیوٹ سے دوسالہ یا اس سے زائد کا کورس پاس کرنے کے بعد ایک سالہ تجربہ ہو۔ مشینسٹ/ ٹرنر، وہیکل مکینک ،وہیکل الیکٹریشن، ویلڈر، بینچ فٹر، گن فٹر، مولڈر، فزیکل لیب ، اے سی ای اور پلانٹ آپریٹر۔

**سپروائزر۔ون (ایم ٹی اور ٹیسٹ ٹریک):** میٹرک سائنس پاس کرنے کے بعد آٹو اینڈ ڈیزل ٹیکنالوجی میں کسی تسلیم شدہ ٹریننگ انسٹیوٹ سے دوسالہ یا اس سے زائد کا کورس پاس کرنے کے بعد ایک سالہ تجربہ ہو۔ (عمر: 18 تا 30سال)۔

۱۵۔ **ڈاٹا کلرک (بی پی ایس :۸)**:آسامیاں :۴ ((میرٹ:۱، سندھ (دیہی) :۱، سندھ (شہری) :۱، خیبرپختونخواہ :۱)

انٹرمیڈیٹ بمعہ DIT اور کم ازکم ۳۰ الفاظ فی منٹ ٹائپنگ سپیڈ ہو اور کسی معروف فرم یا سرکاری ادارے میں ڈاٹا انٹری کا ایک سالہ تجربہ ہو۔

ایم ایس ایکسیس پروگرامنگ میں عبور رکھنے والے کو ترجیح دی جائے گی۔ (دی گئی آسامیوں میں سے معذورافراد کے لیے ایک آسامی مخصوص ہے)۔ عمر:18 تا 25سال۔

۱۶۔ **چارٹیسٹ (بی پی ایس :۸)**:آسامی ۱ (میرٹ :۱)

میٹرک بمعہ ڈرافٹسمین/ٹریسر کا کورس ہو اور ڈرافٹسمین/ٹریسر کا دوسالہ کسی سرکاری/ معروف فرم میں کام کرنے کا تجربہ ہو۔ عمر:18 تا 25سال۔

جاری ہے---

۱۷۔ **ڈرافٹسمین (بی پی ایس:۷)** آسامیاں: ۲ (میرٹ:۱، سندھ(دیہی) : ۱

میٹرک پاس کرنے کے بعد ڈرافٹنگ / مکینکل ڈرافٹسمین شپ میں دو سالہ یا اس سے زائد عرصے کا کورس پاس کیا ہو اور آٹو کیڈ (مکینیکل)، Pro-e-Certification والے کو ترجیح دی جائے گی۔ (معقول تجربے والے قابل ترجیح) یا آرمڈ فورسز سے ریٹائرڈ حضرات جنہوں نے بنیادی ڈرافٹسمین کا کورس پاس کیا ہو۔ (عمر سویلین: 18 تا 26 سال ،آرمڈ فورسز: 45 سال)۔

۱۸۔ **سیکیورٹی اسسٹنٹ (بی پی ایس:۷)** آسامی: ۱ (سندھ(دیہی) : ۱

آرمڈ فورسز سے ریٹائرڈ میٹرک پاس صوبیدار / نائب صوبیدار جنہیں سیکورٹی / انٹیلیجنس ڈیوٹی سرانجام دینے کا معقول تجربہ ہوا انٹیلیجنس کورس کوالیفائیڈ کو ترجیح دی جائے گی۔ (عمر 50 سال)۔

۱۹۔ **سٹورمین (بی پی ایس:۵)** آسامیاں:۴ (لوکل)

میٹرک پاس کرنے کے بعد ایم ایس آفس کا کورس کیا ہو اور کسی سرکاری ادارے یا معروف فرم میں سٹور کیپنگ، سٹاک ٹیکنگ اور سٹور سے متعلقہ تمام امور کا دو سالہ تجربہ ہو یا آرڈیننس / ای ایم ای سے ریٹائرڈ سٹور مین ٹیکنیکل۔ عمر سویلین: 18 تا 25 سال۔ آرمڈ فورسز: 40 سال۔

۲۰۔ **ٹریسر (بی پی ایس :۵)** :آسامیاں:۴ (لوکل)

میٹرک پاس کرنے کے بعد کسی معروف فرم میں کام کرنے کا دو سالہ ٹریسنگ کا تجربہ ہو۔ (دی گئی آسامیوں میں سے معذور افراد کیلئے ایک آسامی مخصوص ہے) عمر:18 تا 25 سال۔

۲۱۔ **کرین آپریٹر (بی پی ایس:۵)**: آسامیاں:۲ **(لوکل)**

مڈل پاس کرنے کے بعد اوورہیڈ کرین آپریٹر اور دیکھ بھال کا پانچ سال کا تجربہ ہو۔

(عمر سویلین: 18 تا 25 سال)

۲۲۔ **ٹن سمتھ (بی پی ایس:۴)** آسامی:۱ **(لوکل)**

آٹھ جماعت پاس کرنے کے بعد ٹن سمتھ کام کرنے کا ایک سالہ تجربہ ہو۔ (عمر سویلین:18 تا 25 سال)

۲۳۔ **ڈرائیور ایم ٹی (بی پی ایس ۴)** آسامیاں:۵ (لوکل)

آٹھ جماعت پاس اور سول ڈرائیونگ لائسنس کا حامل ہو اور گاڑیوں کی دیکھ بھال اور چلانے کا معقول تجربہ ہو۔ **یا** آرمڈ فورسز کے ریٹائرڈ ڈرائیور (سٹاف کار ڈرائیونگ کے تجربہ والے قابل ترجیح۔ (دی گئی آسامیوں میں سے اقلیتوں کیلئے ایک آسامی مخصوص ہے)

عمر سویلین:18 تا 30 سال۔آرمڈ فورسز:50 سال۔

۲۴۔ **ڈرائیور فوک لفٹر (بی پی ایس ۴)** آسامی:۱ (لوکل)

میٹرک پاس اور سول ڈرائیونگ لائسنس (ایچ ٹی وی) کا حامل ہو اور دو سے تین سال کا معقول تجربہ ہو۔ **یا** آرمڈ کور / انجینئر کور کے ریٹائرڈ این سی او۔

(عمر سویلین:18 تا 30 سال۔آرمڈ فورسز:45 سال)

۲۵۔ **سیمی سکلڈ ۔ ٹو (بی پی ایس:۳)** آسامیاں:۸۶ **(لوکل)**

میٹرک سائنس پاس کرنے کے بعد مشینسٹ / ٹرنر، وہیکل مکینک ، وہیکل الیکٹریشن ، ویلڈر ، بینچ فٹر، گن فٹر، کارپینٹر، کمپیوٹر ٹیکنیشن ،سروس الیکٹریشن، آرمورر، پینٹر اینڈ ڈینٹر، پریس آپریٹر، ڈرافٹنگ اینڈ ڈیزائننگ ، ٹیلی فون آپریٹ، انسٹرومینٹ مکینک اور سرفیس ٹریٹمنٹ ورکر میں کسی مستند ٹیکنیکل ادارے سے چھ ماہ کا کورس اور ایک سال کام کرنے کا تجربہ ہو۔ یا آرمڈ فورسز (بالخصوص EME) سے ریٹائرڈ حضرات۔

(دی گئی آسامیوں میں سے اقلیتوں کے لیے ایک اور معذور افراد کیلئے دو آسامیاں مخصوص ہیں)۔

عمر سویلین:18 تا 25 سال۔آرمڈ فورسز:45 سال۔

جاری ہے---

۲۶۔ **فائر مین (بی پی ایس ۳)** آسامیاں:۴ (لوکل)

میٹرک پاس کرنے کے بعد چھ ماہ فائر فائٹنگ کا کورس پاس کرنے کے بعد فائر فائٹنگ کام کرنے کا دوسالہ تجربہ ہو فائر فائٹنگ تجربہ رکھنے والے آرمی سے ریٹائرڈ حضرات۔ عمر سویلین:20 تا 35 سال۔ آرمڈ فورسز:45 سال۔

۲۷۔ **انسپکٹ کلکٹر (بی پی ایس ۱)** آسامی:۱ (لوکل)

مڈل پاس یا اے ایم سی سے ریٹائرڈ (جی ڈی)۔ (عمر سویلین:20 تا 35 سال آرمڈ فورسز:40 سال)

۲۸۔ **لیبر اَن سکلڈ مینوئل (بی پی ایس:۱) آسامیاں: ۹۳ (لوکل)**

مڈل پاس، صحت منداور کوئی بھی ٹیکنکل کام جانتا ہو۔ (دی گئی آسامیوں میں سے اقلیتوں کے لیے ایک، خواتین اور معذور افراد کیلئے کے لیے دو دو آسامیاں مخصوص ہیں)۔ عمر سویلین: 18 تا 25 سال۔

۲۹۔ **نائب قاصد (بی پی ایس:۱) آسامیاں: ۴ (لوکل)**

مڈل پاس اور صحت مند ہو۔ (دی گئی آسامیوں میں سے خواتین اور معذور افراد کیلئے ایک ایک آسامی مخصوص ہے)

عمر سویلین: 18 تا 25 سال۔

۳۰۔ **کک بی پی ایس:۱ آسامیاں:۳ (لوکل)**

مڈل پاس، صحت مند اور کھانا پکانا جانتا ہو یا آرمی سے ریٹائرڈ کک حضرات (عمر سویلین: 18 تا 25 سال آرمڈ فورسز:40 سال)۔

۳۱۔ **مالی (بی پی ایس:۱) آسامیاں: ۴ (لوکل)**

پرائمری پاس، صحت منداور باغ بانی کا کام جانتا ہو۔ (دی گئی آسامیوں میں سے اقلیتوں کیلئے ایک آسامی مخصوص ہے)

عمر سویلین:18 تا 25 سال

۳۲۔ **واٹر کیریر بی پی ایس:۱ آسامیاں :۱۱ (لوکل)**

مڈل پاس، صحت مند اور اپنے متعلقہ کام کا معقول تجربہ ہو ۔ (عمر سویلین:18۔ 25 سال)

۳۳۔ **سیکیورٹی ورکر (بی پی ایس:۱) آسامیاں: ۶ (لوکل)**

مڈل پاس، تندرست و توانا اور سیکورٹی ڈیوٹی کرنے کے حامل امیدواروں کو ترجیح دی جائے گی۔

(دی گئی آسامیوں میں سے خواتین کے لیے ایک آسامی مخصوص ہے) عمر سویلین: 18 تا 25 آرمڈ فورسز:40 سال

۳۴۔ **ویٹر بی پی ایس:۱ آسامی:۱ (لوکل)**

مڈل پاس، صحت مند اور کسی بھی معروف ہوٹل یا کسی بڑے میس میں بطور ویٹر کام کرنے کا معقول تجربہ ہو ۔(عمر سویلین:18 تا 25 سال)

۳۵۔ **سینٹری ورکر (بی پی ایس:۱) آسامیاں: ۳ (لوکل)** (صرف اقلیتوں کے لیے)

پرائمری پاس، صحت منداور اچھی طرح صفائی ستھرائی کا ماہر ہو۔ (عمر سویلین: 18 تا 25 سال)

ب۔ **درخواست دینے کا طریقہ:۔** خواہشمند اور اہل امیدوار درج ذیل شرائط وہدایات پڑھنے اور سمجھنے کے بعد ہیوی انڈسٹریز ٹیکسلا کی ویب سائٹ www.hit.gov.pk پر آن لائن اپلائی کرنے کے بعد درخواست فارم کا پرنٹ لے کر تمام تعلیمی اسناد، ڈومیسائل سرٹیفکیٹ، CNIC، حالیہ فوٹوگراف اور تجربے کے سرٹیفیکیٹس کی فوٹو کاپیوں کے ہمراہ **بنام: پرسانل آفیسر، ایڈمنسٹریشن ڈائریکٹوریٹ ہیوی انڈسٹریز ٹیکسلا کینٹ پوسٹ کوڈ نمبر (47070)** پر ارسال کریں۔ (درخواست فارم کے بغیر کوئی درخواست وصول نہیں کی جائے گی)

| | |
|---|---|
| (۱) | امیدوار کی عمر، تعلیمی قابلیت اور تجربہ درخواستوں کی وصولی کی آخری تاریخ تک شمار کی جائے گی اور مزید برآں درخواستوں کی وصولی تک امیدوار کی زیریں عمر 18 سال سے کم نہیں ہونی چاہیے۔ |
| (۲) | تجربہ (جہاں مطلوب ہے) سے مراد وہ تجربہ ہے جو مطلوبہ کم از کم تعلیمی/ پیشہ ورانہ قابلیت (رزلٹ کے اعلان) کے بعد حاصل کیا گیا ہو۔ |
| (۳) | حکومت کے مروجہ قوائد کے مطابق عمر کی بالائی حد میں رعایت دی جائے گی۔ علاوہ ازیں: تمام امیدواروں کو پانچ سال کی رعایت حاصل ہوگی جبکہ آرمڈ فورسز سے ریٹائرڈ حضرات کیلئے یہ رعایت پہلے سے دی گئی حد میں شامل کر دی گئی ہے۔ |
| (۴) | آرمڈ فورسز کے Exemplary Character کے حامل حضرات درخواست دینے کے اہل ہونگے جبکہ تادیبی بنیاد (Deserted) پر نکالے جانے والے حضرات درخواست دینے کے اہل نہیں ہوں گے۔ |
| (۵) | سرکاری اداروں کے ملازمین اپنی درخواستیں محکمانہ وساطت سے ارسال کریں اور انہیں انٹرویو کے وقت ادارے سے جاری کردہ NOC جمع کرانا ہوگا۔ |
| (۶) | کسی بھی قسم کی معلومات/ حقائق (تعلیمی/ تجربہ یا دیگر) مخفی رکھنے کی صورت میں اُمیدوار کی اہلیت/ انتخاب، چاہے کسی بھی مرحلہ پر مسترد/ منسوخ کیا جا سکتا ہے۔ |
| (۷) | شارٹ لسٹڈ امیدواروں کو ٹیسٹ/ انٹرویو کی اطلاع بذریعہ ٹیلی فون یا موبائل ٹیکسٹ میسج بھیجی جائے گی۔ جس کے لیے تمام امیدوار اپنا درست موبائل نمبر کا اندراج کریں۔ (جو کہ ایک نیٹ ورک سے دوسرے نیٹ ورک پر تبدیل نہ کیا گیا ہو) |
| (۸) | مجاز اتھارٹی یہ اختیار رکھتی ہے کہ وہ کسی ایک، چند یا تمام آسامیوں کو منسوخ کر دے۔ کسی بھی امیدوار کو کسی بھی قسم کی قانونی چارہ جوئی کا کوئی اختیار نہیں ہوگا۔ |
| (۹) | BPS-17 to 18 کی آسامیوں کا ٹیسٹ/ انٹرویو صرف HIT ٹیکسلا کینٹ میں ہوگا جبکہ دیگر آسامیوں کیلئے ٹیکسلا کینٹ کے علاوہ کوئٹہ اور کراچی میں بھی ٹیسٹ/ انٹرویو ہوگا البتہ کراچی میں صرف سندھ ڈومیسائل کے حامل امیدوار اور کوئٹہ میں صرف بلوچستان کا ڈومیسائل کے حامل امیدوار ٹیسٹ دے سکیں گے جبکہ پہلے سے HIT کے ملازمین صرف ٹیکسلا کینٹ میں ہی ٹیسٹ دے سکیں گے۔ پنجاب یا خیبر پختونخواہ سے تعلق رکھنے والے امیدواروں کا ٹیسٹ کراچی یا کوئٹہ نہیں ہوگا۔ |
| (۱۰) | بی پی ایس ایک سے پانچ سکیل کی آسامیوں پر لوکل اُمیدواروں اور ادارہ ہذا کے ملازمین کے بچوں کو ترجیح دی جائے گی اور ان کے ٹیسٹ/ انٹرویو صرف HIT ٹیکسلا کینٹ میں ہونگے۔ |
| (۱۱) | مقررہ تاریخ کے بعد کوئی بھی درخواست قابل قبول نہیں ہوگی اور مزید برآں ٹیکنیکل آسامیوں کیلئے درخواست دہندہ آسامی کا نام اور ٹیکنالوجی نہ لکھنے کی صورت میں درخواست مسترد کر دی جائے گی۔ |
| (۱۲) | ادارہ ہذا مشتہر کردہ آسامیوں میں کمی بیشی کرنے اور کسی بھی آسامی پر بھرتی کرنے یا نہ کرنے کا اختیار رکھتا ہے۔ |
| (۱۳) | صرف اہل امیدواروں کو طلب کیا جائے گا اس ضمن میں کوئی ٹی اے/ ڈی اے نہیں دیا جائے گا۔ |
| (۱۴) | معذور کوٹہ پر بھرتی کے لیے گورنمنٹ کی طرف سے جاری کردہ معذوری سرٹیفکیٹ لازماً منسلک کریں بصورت دیگر درخواست مسترد کی جائے گی۔ |
| (۱۵) | درخواستوں کی وصولی کی آخری تاریخ اشتہار شائع ہونے کے پندرہ (15) دن بعد تک تصور کی جائے گی۔ |

ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن

**ہیوی انڈسٹریز ٹیکسلا**

فون نمبر: 051-9315442